
آیئے اپنی بیماریوں اور ان کے علاج کو نماز سے جانیے

نماز

اور

ماڈرن میڈیکل سائنس

ڈاکٹر محمد شرافت علی



Life Changing Center

maktabaqudsia.com

CamScanner

نماز

اور

ماڈرن میڈیکل سائنس

maktabaquddusia.com

CamScanner

آیئے اپنی بیماریوں اور ان کے علاج کو نماز سے جانیے

نماز

اور

ماڈرن میڈیکل سائنس

maktabaqurdusia.com

ڈاکٹر محمد شرافت علی

Life Changing Center

CamScanner

فہرست

1 تمہید ---------- 9

2 اسلام اور جدید میڈیکل سائنس ---------- 13

3 نماز ---------- 21

4 حقیقت نماز ---------- 34

5 اسلام میں نماز کی اہمیت ---------- 43

6 مٹی اور آگ ---------- 51

7 بھلائی، برائی کا عمومی تعارف ---------- 61

8 جسمانی نعمتوں کا احساس ---------- 67

9 زندگی کی حقیقت نماز کی روشنی میں ---------- 68

10 نماز گناہوں کی میل ---------- 72

11 نماز کے انسانی دماغ پر اثرات ---------- 74

12 خوشی کہاں سے ملتی ہے ---------- 77

13 نماز کے طبی فوائد کا اجمالی ذکر ---------- 86

14 Scientifically Supported Benefits of Prayer / Salah ------ 89

15 Namaz and Physical Health benefits ---------- 91

16 نماز میں خشوع وخضوع ---------- 93

17 نماز میں اخلاص ---------- 98

18 اخلاص اور جدید میڈیکل سائنس ---------- 110

maktabaquddusia.com

CamScanner

تمہید

إِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَأَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهٗ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ﴾ ﴿يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّ نِسَآءً وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا﴾ ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۝ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝﴾

اَمَّا بَعْدُ: فَإِنَّ خَيْرَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ وَخَيْرَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ (ﷺ) وَشَرَّ الْأُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا فَإِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ اَلضَّلَالَةُ فِي النَّارِ.

اللہ تعالیٰ نے انسان کو دو چیزوں سے ملا کر بنایا ہے، ایک روح اور دوسرا بدن۔ بدن چوں کہ مٹی سے بنا ہے اور اس کی تمام ضروریات کو اللہ تعالیٰ نے مٹی میں رکھا ہے۔ بدن کو تقویت دینے والی تمام اشیاء مٹی سے ہی پیدا ہوتی ہیں۔ بدن کی تمام غذاؤں کو اللہ تعالیٰ نے مٹی سے پیدا کیا ہے۔ روح اور بدن کے مجموعے کا نام انسان ہے۔

مٹی visible ہے۔ اور اس کی تمام ضروریات بھی visible ہے۔ روح Invisible ہے۔ روح اللہ تعالیٰ کے امر کا نام ہے۔ جس طرح روح نظر نہیں آتی اس کی تمام ضروریات بھی نظر نہیں آتیں۔ جس طرح بدن کو جس چیز یعنی مٹی سے پیدا کیا گیا ہے وہی اس کی ضروریات کی تمام چیزیں رکھی ہیں۔ اسی طرح روح جس جگہ سے آئی ہے وہیں سے اس کی

تجربات ہیں جن کو مسلمانوں نے اسلام کے بنیادی ماخذ قرآن و حدیث سے حاصل کر کے پوری دنیا کے سامنے آشکار کیا ہے۔ اس کا اعتراف آج کے مغرب کے مشہور مصنف رابرٹ بریفالٹ اپنی کتاب میں لکھتا ہے:

''سائنس عربوں کا اس کائنات کے لیے سب سے عظیم الشان عطیہ ہے۔ اگرچہ اس کو پھل لانے میں کافی دیر لگی۔ جب کہ عرب تہذیب کی شمع اندلس میں بجھ کر خاموش ہوگئی۔''

آج کے مغرب کے غیر مسلم مصنف مسلمانوں کے بارے میں یہ تاثر بیان کرتے ہیں مگر آج کے پڑھے لکھے مسلمان اپنے اسلاف کے بارے میں جانتے ہی نہیں اور دشمنوں کے پھیلائے ہوئے پراپیگنڈے سے متاثر ہو کر وہی باتیں معاشرے میں پھیلا رہے ہیں جو اسلام کے دشمن چاہتے ہیں۔

آج کے دور کے عظیم مسلمان جن کی خدمات نے سائنس کو نئی منزل سے ہمکنار کیا ہے۔

ڈاکٹر عبدالقدیر خان	پاکستان	نیوکلیئر سائنسدان
ڈاکٹر ثمر مبارک مند	پاکستان	نیوکلیئر سائنسدان
سلیم الزمان صدیقی	پاکستان	جڑی بوٹیوں سے کیمیکل
نقسب محفوظ	مصر	ادب کا نوبل انعام
منیر نے فیح	فلسطین	آٹسوٹوپس کی علیحدگی کا عمل
محمد یونس	بنگلا دیش	مائیکرو کریڈٹ۔ نوبل انعام
احمد حسن زویل	مصر	بابائے فیمٹو کیمسٹری۔ نوبل انعام
تقی الدین محمد	ترکی	نیوکلیئر سائنسدان
انجینئر کریم کریموف	روس	روس کا خلائی پروگرام پہلی خلائی شٹل
علی جوان	پاکستان	گیس لیزر۔ فائبر آپٹکس انٹرنیٹ
سمیرہ موسیٰ	مصر	نیوکلیر سائنسدان

فضل الرحمان خان	بنگلا دیش	تعمیراتی انجینئرنگ کا آئن سٹائن
جاوید کریم	بنگلا دیش	یوٹیوب بنانے والے تین
عزہ قائد	مصر	پلاسٹک سے بائیوفیول تیار کیا
راشد یزامی	مراکش لیتھم	بیٹری پر کام کرنے پر نوبل انعام
محمد عزیز	ترکی	کیمسٹری کا نوبل انعام
عمران خان	پاکستان	کشش ثقل کی لہروں پر کام
عارف زمان	پاکستان	ریاضی دان۔نوبل انعام
سمیرا اقبال	پاکستان	کینسر کی جلد تشخیص کا آلہ ایجاد کیا

جن کی خدمات نے آج سائنس کو اس مقام تک پہنچایا ہے۔کون جانتا ہے ان کی کیا کیا خدمات ہیں ان کو کون جانتا ہے ان کے بارے میں ہمیں کس نے بتایا ہے؟ یہ وہ لوگ ہیں جن کی تمام عمر کی محنت نے آج سائنس کو اس مقام پر پہنچایا ہے۔مگر آج دنیا نے ان کے تمام معاملات کو پس پشت ڈال دیا ہے اور پوری دنیا میں یہ ڈھنڈورہ پیٹا جا رہا ہے کہ اسلام اور چیز ہے اور سائنس اور چیز ہے۔ ہمارے پاس اپنی بات کو سچ ثابت کرنے کے لیے عقلی اور سچی دلیل موجود ہے۔ جو موافقین کے ایمان کو بڑھانے اور مخالفین کی غلط فہمیوں اور ہٹ دھرمیوں کو ختم کرنے کے لیے کافی وشافی ہیں۔

اس بات کو ہر انسان مانتا ہے کہ اسلام کی جو سب سے پہلے وحی اُتری اُس میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہمیں پڑھنے یعنی اقرا باسم ربك الذی خلق کے بارے میں حکم دیا۔ حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کرنے کے بعد فرشتوں میں اُن کی فضیلت کو علم کی وجہ سے عزت بخشی۔ جنگ بدر کے موقع پر مشرکین مکہ کو جو قیدی بن کر آئے ان کا فدیہ دس دس لوگوں کو پڑھانے کا رکھا گیا کہ جو قیدی پڑھے لکھے ہیں وہ دس دس اَن پڑھ لوگوں کو پڑھنا اور لکھنا سکھائیں گے۔اب سوچنے کی بات ہے کہ مشرکین مکہ کے پاس کون سا علم تھا جس کے سکھانے کے لیے ہر قیدی سے کہا گیا کہ دس دس لوگوں کو پڑھنا لکھنا سکھا دو یہ تمہارا فدیہ ہوگا؟

میں مسلمانوں کی کوئی محنت کوشش نہیں کیا یہ سب کچھ ہم جو کہہ رہے ہیں سچ کہہ رہے ہیں یا ہم کہیں نہ کہیں کوئی بات چھپا رہے ہیں۔

میرے محترم بھائیو جب مسلمان پوری دنیا میں ترقی پر تھا اُس وقت آج کے یہ ترقی یافتہ ممالک جہالت گمراہی ذلالت پستی کی گہرئی کھائیوں میں گرے ہوئے تھے۔ وہاں علم نام سے کوئی واقف نہ تھا۔ تعلیم کو اُس وقت کوئی جانتا نہ تھا جب اسلام کا سورج پوری کائنات میں آب وتاب کے ساتھ چمک رہا تھا آج کے ترقی یافتہ ممالک میں گہرے اندھیرے وتاریکی چھائی ہوئی تھی۔ یہ لوگ جہالت وگمراہی کے گہرے گھڑے میں پڑے ہوئے تھے۔

آج پوری کائنات میں جتنی ترقی کامیابی وکامرانی نظر آرہی ہے۔ اس کے پیچھے کہیں نہ کہیں اسلام ہی بنیاد ہے۔

ہر طرف اس کا چرچا کرتے رہتے ہیں۔ پورے میڈیا میں اس بات کو صبح وشام دہرایا جاتا ہے۔ حقیقت کیا ہے؟ آیا ان کی یہ منطق اور رَٹ صحیح ہے؟ کیا یہودی اور عیسائی جو کہتے ہیں وہ حقیقت میں ایسے ہی ہیں یا نہیں؟ اس کو سمجھنے کے لیے ہمیں جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی زندگی کا مطالعہ کرنا پڑے گا اور جو دین اسلام اللہ تعالیٰ عزوجل نے اپنے پیارے نبی جناب محمد رسول اللہ ﷺ پر نازل کیا ہے۔ اس کو سمجھنا پڑے گا۔

اسلام ایک ابدی دین ہے اور دین کا مطلب ہماری طرز زندگی way of life ہے۔ یعنی ہمارے پیدا ہونے سے لے کر مرنے تک کے جتنے معاملات ہیں یہ تمام کے تمام دین ہیں۔ اسلام واحد ایک ایسا دین ہے جو مکمل طور پر فطرت کی طرف راہنمائی کرتا ہے بلکہ اسلام دین فطرت ہے اور یہ دین پوری کائنات universal کے لیے ہے۔ یہ ہر زمانے میں نیا ہے اور ہر زمانے میں ہر قسم کے حالات سے نبرد آزما ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس کائنات میں اسلام واحد ایک ایسا طریقہ ہے جو انسانوں کو صبح جاگنے سے لے کر رات سونے تک ایک ایک عمل کی مکمل راہنمائی کرتا ہے۔ اسلام نے رسول اللہ ﷺ کی زندگی کو تمام کائنات کے انسانوں کے لیے اُسوۂ حسنہ مقرر کیا ہے۔ کیونکہ نبی کریم رؤف رحیم جناب محمد رسول اللہ ﷺ

الصلوۃ .....نماز

راہنمائی اور ہدایت کا راستہ:

ہمارے معاشرے میں آج نماز کا ترجمہ انگریزی میں Prayer کیا جاتا ہے۔جس کا مطلب آکسفورڈ ڈکشنری میں "مدد مانگنا" ہے۔ جو کہ لفظ الصلوٰۃ کا صحیح ترجمہ نہیں ہے۔لفظ Prayer یعنی مدد مانگنا یہ حقیقت میں جب ہم نماز پڑھ لیتے ہیں تو اکثر لوگ نماز کے ختم ہو جانے کے بعد جو مدد مانگتے ہیں یعنی ہاتھ اُٹھا کر جو دعا مانگتے ہیں اس کو Pryaer کہا جا سکتا ہے۔ نہ کہ پوری نماز کا ترجمہ انگریزی میں Prayer کیا جائے۔ اگر نماز میں غور کیا جائے تو ہم مدد مانگنے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی ثناء بھی بیان کر رہے ہوتے ہیں۔ اللہ کی حمد و ثناء کے علاوہ ہم اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کا شکر بھی ادا کر رہے ہوتے ہیں۔ اُسی کے ساتھ ساتھ اپنے لیے، اپنے گھر والوں کے لیے، اپنے والدین اور پوری دنیا کے رہنے والے مومنین کے لیے بھی مدد مانگ رہے ہوتے ہیں۔

الصلوٰۃ کا اردو ترجمہ نماز کیا جاتا ہے جو کہ فارسی زبان کا لفظ ہے اور جس کا مطلب ہے "بندگی" بندگی نماز کا کچھ بہتر ترجمہ ہے۔

الصلوٰۃ کا انگریزی میں ترجمہ Prayer کی بجائے Brain washing یا Programming ہونا چاہیے۔ کیونکہ الصلوۃ میں ہم لوگ اپنے ذہن Mind کی پروگرامنگ Programming یا ذہن کو صاف Brain washing کر رہے ہوتے ہیں۔ ہمارے ذہن میں شیطان جو وسوسوں کی صورت میں ہماری سوچ Thinking کو منفی Negative کر دیتا ہے جس سے ہمارے ذہن میں اٹھنے والے خیالات گندے، برے، منفی ہو جاتے ہیں ہم نماز میں اپنے ذہن میں اُٹھنے والے خیالات کو مثبت Positive کر رہے

آگ کے لیے پیدا کیا ہے اور آگ شیطان ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے آگ سے بنایا اور آخر کار اس کائنات کی سب سے سخت آگ جہنم میں ڈال دے گا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو شیطان سے اور جہنم کی آگ سے بچانا چاہتا ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی راہنمائی کے لیے نبیوں، رسولوں، پیغمبروں کو مبعوث فرمایا جو لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتے تھے اور شیطان اور جہنم کی آگ سے بچنے کا طریقہ سمجھاتے تھے۔ ہمارے پیارے پیغمبر جناب محمد ﷺ آخری نبی ہیں اور ہم آخری امت ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی خیر و بھلائی کے لیے اور شیطان لعین مردود کی رسوائی کے لیے ہم سب کو خبردار اور متنبہ کر دیا ہے اب یہ ہماری مرضی ہے۔ ہم سے کون اپنے رب کی طرف سے دی گئی راہنمائی اور ہدایت کے راستے کو اپناتا ہے اور کون شیطان اور شیطان کے چیلوں کے پھیلائے ہوئے تلبیس کو لیتا ہے۔ نماز دن میں پانچ بار اپنے اللہ تعالیٰ سے براہ راست راہنمائی لینے اپنے دماغ کی پروگرامنگ کروانے اور اپنے ذہن میں آنے والے شیطان کی طرف سے وسوسوں کو ختم Delete کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ نماز حقیقت میں ذہن کو واش کرنے Brain wash کا سب سے آسان طریقہ ہے۔

میرے بھائیو اور بہنو! جس طرح ہمارا کمپیوٹر لیپ ٹاپ یا موبائل بہت ساری سائٹ کھولنے کی وجہ سے ہینگ Hank ہو جاتا ہے اور کام کرنا چھوڑ دیتا ہے اور ایک جگہ ٹھہر جاتا ہے۔ بالکل اسی طرح ہمارا ذہن بھی شیطان کے دیئے ہوئے لاتعداد وسوسے خیالات کو لے کر ہینگ Hank ہو جاتا ہے اور جیسے کمپیوٹر لیپ ٹاپ موبائل کام کرنا چھوڑ دیتا ہے ایسے ہی ہمارا ذہن ہمارا دماغ بھی کام کرنا چھوڑ دیتا ہے اور پھر جیسے کمپیوٹر کو، لیپ ٹاپ کو، موبائل کو دوبارہ چلانے کے لیے اس میں سائٹ کو ختم Delete کرتے ہیں یا دوبارہ سے چلاتے Restart ہیں یا اُسے Refresh کرتے ہیں یا ہم اپنے کمپیوٹر لیپ ٹاپ موبائل کو سوئچ آف Shut down کر دیتے ہیں بالکل اسی طرح جب ہمارا دماغ، ذہن شیطان کے پھیلائے ہوئے مکر و فریب میں پھنس جاتا ہے ہم شیطان کے وسوسے بہکاوے میں آکر غلطی گناہ کے مرتکب ہوتے ہیں تو ہمارا ذہن بھی ہینگ Hank ہو جاتا ہے اب اسکو سوئچ آف